© rasailojaraid.com

# علمی خبریں

- حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ کی سوانح تحقیقات اور نوادرات علمی پر ایک مبسوط سوانح نقشِ دوام کے نام سے صاحب سوانح کے فرزند مولانا انظر شاہ کشمیری کے قلم سے منظر عام پر آگئی ہے۔ کتاب ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ہے اسکی رسم اجراء ۲۰ ربیع الاول ۱۳۹۸ھ کو دارالعلوم دیوبند کے دارالحدیث میں مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہ کے ہاتھوں انجام پائی اس موقعہ پر صدر مجلس نے حضرت کشمیریؒ کے علوم و کمالات کو حکیمانہ لب و لہجہ میں آشکار کیا۔

- ۲۳ ربیع الاول کو دیوبند کے ایک مشہور فرزند مولانا لائق علی صاحب شیخ الحدیث مدرسہ نورالاسلام میرٹھ نے ۸۵ سال کی عمر میں انتقال کیا، مولانا عمر بھر حدیث کی تدریس اور اشاعت میں مصروف رہے۔

- ۳ مارچ کو حضرت مولانا فخرالدین احمدؒ شیخ الحدیث دیوبند کے لائق فرزند مولانا اختر الاسلام مدرس مدرسہ شاہی مراد آباد دل کا دورہ پڑ جانے سے انتقال فرما گئے۔

- جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے ایک ثقافتی وفد جو اساتذہ اور طلبہ کی ایک بڑی جماعت پر مشتمل تھا نے اپنے دورۂ بھارت کے دوران مرکز علمی دارالعلوم دیوبند کا دورہ کیا۔

---

## مادرِ علمی دارالعلوم دیوبند کا پندرہ روزہ عربی ترجمان

# الداعی

سرپرستی: مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہ ★ ادارت: استاذ بدرالحسن قاسمی

اکابر دارالعلوم دیوبند کی علمی خدمات اور بہترین علمی مقالات اور دنیائے اسلام کے تازہ حالات و واقعات پر مشتمل عربی جریدہ جس نے نہ صرف برصغیر بلکہ عالم عرب میں اہم مقام پیدا کر لیا ہے، پاکستان کے علمی اور ادبی حلقوں کیلئے ایک بیش بہا تحفہ عربی تحریر و ادب سے ذوق رکھنے والوں کیلئے ایک نعمتِ عظمیٰ۔ پاکستانی حضرات اپنا زر اشتراک الداعی کے حوالہ سے ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک کو ارسال کر کے رسید ڈاکخانہ الداعی دیوبند بھیج دیں۔

الداعی دارالعلوم دیوبند۔ دیوبند۔ یو۔ پی۔ بھارت



© rasailojaraid.com